03/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

گائے تحفظ کاموں میں کسی بھی سطح پر
لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی: پرنسپل سکریٹری مویشی پروری سدھیر گرگ

لکھنؤ: 03 دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت کے ذریعہ ضلع کشی نگر کے گائے تحفظ مرکز، کوپ جنگل، ترقیاتی بلاک کھڈڈا میں 16 مویشی کی موت ہونے، گائے تحفظ مرکزی کی فعالیت میں لاپروائی برتنے نیز طبی سہولیات کے بندوبست نہ کرنے کے لیے کشی نگر کے چیف مویشی طبی افسرن ڈاکٹر ونے کمار کو معطل کرتے ہوئے قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر ایشانت آنند، انچارج، مویشی طبی افسر، کوپ جنگل کے خلاف بھی قانونی کارروائی کر دی گئی ہے۔ یہ کارروائی وزیر اعلیٰ کے سخت رخ ظاہر کرتی ہے۔

یہ اطلاع پرنسپل سکریٹری مویشی پروری جناب سدھیر گرگ نے آج یہاں دی۔ انہوں نے بتای اکہ مویشی تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ریاستی حکومت کے ذریعہ مویشی کے تحفظ اور فروغ کاموں میں کسی بھی سطح پر لاپروائی یا تساہلی کو برداشت نہیں کیا جائے گا نیز متعلقہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ حکومت کے علم میں وسیع گائے تحفظ مرکزی کوپ جنگل، ترقیاتی بلاک کھڈڈا ضلع کشی نگر میں مویشی کی موت کی اطلاع ہونے پر جناب انج ملک ضلع مجسٹریٹ کے ذریعہ معاملے کی تفصیلی جانچ کی گئی۔ تفصیلی جانچ میں پایا گیا کہ گزشتہ 24 دنوں میں 16 مویشی کی موت ہوئی ہے نیز گائے تحفظ کی فعالیت میں لاپروائی برتی گئی نیز طبی سہولت کا بندوبست نہیں کیا گیا۔

☆☆☆☆☆